شروح الغیب

ترجمہ

فتوح الغیب

توحید و معرفت سکھانیوالی ایمان و محبت پیدا کرنیوالی کتاب مستطاب

تصنیف لطیف:

محبوب سبحانی غوث صمدانی سیدنا الشاہ محی الدین
عبد القادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ



اہم افادات:

حضرت شیخ محمد عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

حضرت علامہ غلام معین الدین قادری نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

زاویہ
زاویہ پبلشرز
دربار مارکیٹ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

توحید و معرفت کے موضوع پر ایمان و محبت پیدا کرنے والی کتاب مستطاب

شروح الغیب

ترجمہ

فتوح الغیب

تصنیف لطیف:

محبوب سبحانی غوث صمدانی سیدنا شاہ محی الدین

عبد القادر جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ

اہم افادات:

حضرت شیخ محمد عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

حضرت علامہ غلام معین الدین قادری نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

زاویہ پبلشرز

دربار مارکیٹ - لاہور

فون 042-7324957 فیکس 042-7112954

Mob: 0300-9467047 - 0321-9467047 - 0300-4505466

marfat.com

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

2008

بار اوّل ———— 1000

ہدیہ ———— 150/- روپے

زیر اہتمام ———— نجابت علی تارڑ

لیگل ایڈوائزرز

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

راۓ صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

مکتبہ اہل سنت امین پور بازار فیصل آباد 0321-6638652

کتاب گھر، کمیٹی چوک راولپنڈی 051-5552929

مکتبہ قادریہ نزد چوک میلاد مصطفی سرکلر روڈ گوجرانوالہ 055-4237699

احمد بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی 051-5558320

مکتبہ باقی سلطان حیدرآباد 0321-3025610

مکتبہ المدینہ فیصل آباد/ راولپنڈی/ ملتان/ حیدرآباد/ کراچی 021-2203311

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک راولپنڈی 0333-5205914

حنفیہ پاک پبلی کیشنز نزد مسجد شہید مسجد کھارادر کراچی

مکتبہ العطاریہ لنک روڈ صادق آباد 0333-7413467

مکتبہ قادریہ بزنس روڈ کراچی 021-6844072

مکتبہ برکات المدینہ بہادرآباد کراچی 021-4219324

علامہ اسلامی کتب خانہ بازار حکیماں نزد ...... سیالکوٹ 0345-8747131

مکتبہ قادریہ بادامی باغ لاہور 042-7226193

marfat.com

Marfat.com

مقام پر اُٹھائے جاؤ گے۔

فائدہ: واضح رہنا چاہیے کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ کلام بلاغت نظام، جوامع الکلم جو خاصہ ارشادات حضور سید عالم خاتم النبیین ﷺ ہے، کی نورانیت، اور اس کی مشابہت کا پرتو ہے، ان کلمات طیبات کا ہر کلمہ سالکان راہ طریقت کے لئے بمنزلہ قاعدہ اور مکمل دستور العمل ہے۔ کیوں نہ ہو جب کہ ولایت درحقیقت ظل نبوت ہے، اور جس میں جو کچھ بھی پیدا ہوگا وہ سب زیر سایہ نبوت ہی ہوگا۔ بالخصوص ولایت کبریٰ حضور غوث پاک کہ آپ حضور سید العالمین ﷺ کی نبوت کے ظل ظلیل، اور آفتاب کمال کے نور بے زوال ہیں۔ آپ نے جہاں بھی جو کلام فرمایا، زبان نبوت سے فرمایا جو مقام صدیقین کی منصب ہے۔ کلام الملوک ملوک الکلام۔ تمہیں اس پر غور کرنا چاہیے کہ جب آپ نے ان کلمات طیبات کو اس عظمت وسطوت، اور اس تصرف کے ساتھ جو باطن میں تھا اپنی محفل پاک کے ان حاضرین پر جو ملک وملکوت کے اطراف واکناف سے وہاں حاضر ہوتے تھے القاء فرمایا ہوگا تو ان کے انجذاب ونورانیت کی، جو ان کے دلوں میں رونما ہوئی ہوگی، کی کیفیت ہوگی، اور کتنی جانیں بدن سے نکلی ہوں گی۔ کیونکہ اکثر اوقات ایسا ہوتا تھا کہ بہت سے لوگ آپ کی مجلس شریف سے مردہ سمجھ کر لیجائے جاتے تھے، حالانکہ وہ حیات حقیقی کے ساتھ زندہ ہوتے تھے۔ سبحان اللہ سبحان اللہ۔ (از شرح)

مقالہ سوم

حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ وارضاہ عنا فرماتے ہیں کہ:

جب بندہ کسی آزمائش میں مبتلاء کیا جاتا ہے، تو پہلے خود اپنے نفس کے ذریعہ وہ علاج کا متلاشی ہوتا ہے۔ جب وہ اس سے رستگاری نہیں پاتا، تو پھر کسی دوسری مخلوق کی طرف استعانت کرتا ہے۔ مثلاً بادشاہ، حکام، دنیا دار، مالدار، اور مرض دور جان کر

marfat.com

Marfat.com